بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کی رسی کو مل کر مضبوطی سے تھام لو اور تفرقے میں مت پڑو

جو شخص اپنے بھائی کی حاجت روائی میں لگا رہے گا اللہ اسکی حاجت پوری کرے گا

پیغامِ مصطفیٰ ﷺ

☆ اور جو شخص اللہ اور اسکے رسول ﷺ کی اطاعت کرے اور اللہ سے ڈرے گا اور پرہیزگاری اختیار کرے گا تو ایسے ہی لوگ کامیاب ہیں (النور ۵۲) ☆ گناہ اور ظلم و زیادتی کے کاموں میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون نہ کرو (المائدہ ۲) ☆ رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے اے اللہ مجھے بری عادتوں، برے کاموں، بری خواہشوں اور بری بیماریوں سے بچا (ترمذی) ☆ حضرت عطیہ سعدیؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کوئی بندہ اس درجہ تک نہیں پہنچ سکتا کہ وہ متقیوں میں شمار ہو جب تک کہ اس کا رویہ یہ نہ ہو کہ گناہوں سے بچنے کے لئے وہ مباحات کو ترک نہ کرے (ترمذی) ☆ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا جو لوگ موجود ہیں وہ ان لوگوں کو جو اس وقت موجود نہیں ان احکام (دین) کی تبلیغ کرتے رہیں (بخاری)

ریا: ☆پس ویل (ہلاکت) ہے ان نمازیوں کے لئے جو اپنی نماز سے غافل ہیں وہ جو دکھاوا کرتے ہیں (الماعون ۶۴) ☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے دکھاوے کے لئے نماز پڑھی اُس نے شرک کیا اور جس نے دکھاوے کے لئے روزہ رکھا اُس نے شرک کیا، اور جس نے دکھاوے کے لئے صدقہ خیرات کیا اُس نے شرک کیا (مسند احمد)

غیبت: ☆تم میں سے کوئی شخص دوسرے کی غیبت نہ کرے کیا تم میں سے کوئی شخص پسند کرتا ہے کہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے بلکہ تم اسے برا جانتے ہو (الحجرات ۱۲) ☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا تم جانتے ہو غیبت کیا ہے؟ انہوں نے کہا اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا تمہارا اپنے بھائی کا ذکر اس چیز کے ساتھ کرنا جسے وہ ناپسند کرتا ہے، عرض کیا گیا آپ یہ بتائیں کہ اگر میرے بھائی میں وہ چیز موجود ہو جو میں کہہ رہا ہوں آپ ﷺ نے فرمایا اگر اس میں وہ چیز موجود ہے جو تم کہہ رہے ہو تو یقیناً تم نے اس کی غیبت کی اور اگر وہ چیز موجود نہیں تو تم نے اس پر بہتان لگایا (مسلم)

جھوٹ: ☆بے شک اللہ کسی ایسے کو ہدایت نہیں کرتا جو جھوٹا اور ناشکرا ہے (الزمر ۳) ☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ: آدمی کے لئے یہی جھوٹ کافی ہے کہ وہ جو کچھ سنے اسے بیان کرتا پھرے (صحیح مسلم)

بد زبانی و درشت خوئی: ☆ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص ذمہ لے لے اپنی زبان اور اپنی شرمگاہ کا، میں اُس کے لئے ذمہ داری لیتا ہوں جنت کی (بخاری) ☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سخت گو اور درشت خو آدمی جنت میں نہیں جائے گا (ابوداؤد)

ظلم و زنا: ☆یقیناً وہ ظالموں سے محبت نہیں رکھتا (الشوریٰ) ☆اور زنا کے قریب نہ جاؤ بے شک وہ بے حیائی ہے اور بری راہ (بنی اسرائیل) ☆ جس شخص نے اپنے بھائی پر کوئی ظلم کیا ہو وہ اس سے معاف کروالے کیونکہ وہاں درہم و دینار نہیں اس سے پہلے کہ اس کے بھائی کے لئے اس کی نیکیاں لے لی جائیں اگر نیکیاں نہ ہوں تو اس کے بھائی کی برائیاں لے کر اس پر ڈال دی جائیں (بخاری)

منافقت: ☆ چار چیزیں ہیں جس شخص میں ہوں وہ خالص منافق ہوتا ہے اور جس شخص میں ان خصلتوں میں سے کوئی ایک ہو اس میں نفاق کی ایک خصلت ہوگی یہاں تک کہ اسے چھوڑ دے جب اسے امانتدار سمجھا جائے تو خیانت کرے جب بات کرے تو جھوٹ کہے جب عہد کرے تو اسے توڑ ڈالے اور جب جھگڑے تو بدزبانی کرے (بخاری و مسلم)

غصہ: ☆ وہ لوگ جو بڑے گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے بچتے ہیں اور جب غصے میں آتے ہیں تو معاف کر دیتے ہیں (الشوریٰ ۲۸) ☆ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جب غصہ کی وجہ سے چہرہ سرخ ہو جائے اور اس کی رگیں پھول جائیں تو اعوذ باللہ من الشیطٰن الرّجیم کہہ لے تو جو کچھ اس پر گزر رہی ہے اس سے ختم ہو جائے (بخاری)

بخل: ☆اور رحمٰن کے بندے وہ ہیں جب خرچ کرتے ہیں تو نہ حد سے بڑھتے ہیں نہ بخل کرتے ہیں اور ان کا خرچ اسی کے درمیان پورا ہوا کرتا ہے (الفرقان ۶۸) ☆ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، حرص و بخل اور ایمان کبھی ایک دل میں جمع

نہیں ہو سکتے (سنن نسائی)

تہمت وبہتان: ☆اور جولوگ مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو بغیر اس کے کہ انہوں نے (گناہ) کمایا ہو ایذا پہنچاتے ہیں انہوں نے بے شک بہتان اور کھلے گناہ کا بوجھ اٹھایا (الاحزاب ۵۸)

بدگمانی: ☆اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو بہت گمان سے بچو کیونکہ بعض گمان گناہ ہیں اور نہ جاسوسی کرو اور نہ تم میں بعض دوسرے کی غیبت کرے (الحجرات ۱۲)

گالی و جھگڑا: ☆رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مسلمان کو گالی دینا فسق (نافرمانی) ہے اور اس سے لڑائی کرنا کفر ہے ☆اللہ کو آدمیوں میں سب سے زیادہ وہ ناپسند ہے جو ہٹ دھرم اور سخت جھگڑالو ہو (مسلم)

حسد: ☆بلکہ یہ لوگوں میں اس چیز میں حسد کرتے ہیں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے عطا فرمائی ہے (النساء ۵۴) ☆رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم حسد کے مرض سے بچو، حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑیوں کو کھا جاتی ہے (سنن ابی داؤد)

تکبر: ☆اور اسی کیلئے کبریائی اور بڑائی ہے آسمانوں میں اور زمین میں، اور وہی ہے زبردست اور حکمت والا (جاثیہ ۳۸) ☆رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، وہ شخص جنت میں نہیں جائے گا، جس کے دل میں ذرہ برابر بھی تکبر ہوگا (مسلم و بخاری)

حرص وطمع: ☆رسول اللہ ﷺ نے ایک دن خطبہ دیا اور اس میں ارشاد فرمایا کہ حرص وطمع سے بچو کیونکہ تم سے پہلی قومیں اسی حرص سے تباہ ہوئیں، اسی نے ان کو بخل کرنے کو کہا تو انہوں نے بخل اختیار کیا اسی نے ان کو قطع رحمی (یعنی حقوق قرابت کی پامالی) کے لئے کہا تو انہوں نے قطع رحمی اختیار کی، اسی نے ان کو بدکاری کے لئے کہا تو انہوں نے بدکاریاں کیں (سنن ابی داؤد)

بغض و کینہ: ☆حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ہر ہفتہ میں دو دن سوموار اور جمعرات کو لوگوں کے اعمال پیش ہوتے ہیں، تو ہر بندۂ مومن کی معافی کا فیصلہ کر دیا جاتا ہے، سوائے اُن آدمیوں کے جو ایک دوسرے سے کینہ رکھتے ہوں، پس اُن کے بارے میں حکم دیدیا جاتا ہے کہ ان دونوں کو چھوڑے رکھو (یعنی ان کی معافی نہ لکھو) جب تک کہ یہ آپس کے اس کینہ اور باہم دشمنی سے باز نہ آئیں اور دلوں کو صاف نہ کرلیں (صحیح مسلم)

شماتت: ☆رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، تم اپنے کسی بھائی کی مصیبت پر خوشی کا اظہار مت کرو (ہوسکتا ہے کہ) اللہ اُس کو اس مصیبت سے نجات دیدے اور تم کو مبتلا کر دے (جامع ترمذی)

مذاق: ☆اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو کوئی قوم کسی قوم سے مذاق نہ کرے ہوسکتا ہے وہ ان سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں ہی عورتوں سے مذاق کریں ہوسکتا ہے وہ ان سے بہتر ہوں (الحجرات ۴۹) ☆حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ لوگوں

نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ آپ ہم سے مزاح کر لیتے ہیں فرمایا میں حق کے علاوہ کچھ نہیں کہتا (ترمذی)

رشوت: ☆رسول اللہ ﷺ نے فرمایا رشوت دینے اور لینے والے پر اللہ کی لعنت برستی ہے (ابن ماجہ)

قسم: ☆اور اللہ کا عہد جب تم اس سے عہد کرو پورا کرو اور قسموں کو ان کے پکا کرنے کے بعد نہ توڑو کہ تم اللہ کو اپنا ضامن ٹھہرا چکے ہو بے شک اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو (النحل ۹۱) ☆رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص کسی کا مال جھوٹی قسم کھا کر مار لے گا وہ اللہ کے سامنے کوڑھی ہو کر پیش ہوگا (سنن ابوداؤد)

فحاشی: ☆اور بے حیائی کے نزدیک نہ جاؤ جو ظاہر ہو اس کے بھی اور جو چھپی ہو اس کے بھی (الانعام ۱۵۱)

فضول خرچی: ☆بیشک فضول خرچی کرنے والے تو شیطان کے بھائی ہیں (الاسراء ۲۷)

لعنت کرنا: ☆ایک دوسرے پر عیب نہ لگاؤ (الحجرات ۱۱) ☆ویل (ہلاکت) ہے ہر بہت زیادہ طعنہ دینے والے بہت زیادہ عیب لگانے والے کے لئے (الھمزۃ ۱) ☆جس نے کسی مومن پر لعنت کی تو یہ اس کے قتل کی طرح ہے (بخاری)

چغل خوری: ☆رسول اللہ ﷺ نے فرمایا چغل خور جنت میں نہیں جائے گا (بخاری و مسلم)

ڈکیتی و چوری: ☆اور چور مرد اور چور عورت تم ان دونوں کے ہاتھ کاٹ لو، بدلہ اس کا جو انہوں نے کیا ہے، سزا ہے اللہ کی طرف اور اللہ غالب ہے حکمت والا (المائدہ ۳۸) ☆چور چوری کرتے وقت مومن نہیں ہوتا (بخاری و مسلم)

نفس: ☆اور جو اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا اور نفس کو خواہشوں سے روکتا رہا اس کا ٹھکانہ بہشت ہے (النازعات ۴۰۔۴۱) ☆اور ایسے شخص کا کہنا نہ مان جس کا قلب ہم نے اپنے ذکر سے غافل کر رکھا اور وہ اپنی نفسانی خواہشات کا اتباع کرتا ہے اور اس کا یہ حال حد سے گزر گیا (الکہف ۲۸)

قتل: ☆اور کسی جان کو جسے اللہ نے محترم کیا، ناحق قتل نہ کرو (الانعام۔۱۵۱) ☆جس نے قتل کیا کسی انسان کو بغیر اس کے کہ اس نے کسی کی جان لی ہو یا فساد مچایا ہو زمین میں تو گویا اس نے قتل کر ڈالا سب انسانوں کو اور جس نے زندگی بخشی ایک انسان کو تو گویا اس نے زندہ کیا سب انسانوں کو (المائدہ۔۳۲)

المصطفیٰ مرکز

جاری مفت مطبوعات

★ سحر الفجر ★ شمائل خاتم النبیین ﷺ ★ جامع سیاسیات مدینہ ★ سیرت خاتم النبیین ﷺ ★ مسلمان اور تجارت

مالی مدد کے ماہ و سال اور اخلاقیات کا پیمانہ ★ دورِ حاضر میں سنت پر عمل کیسے کریں؟ آپ بھی اس کار خیر میں حصہ لیں

المصطفیٰ مرکز | قرآن و سنت کی دعوت و بالادستی | فرقہ پرستی و مسلکی تعصبات سے بالا | اتحاد و فلاح امتِ مسلمہ

قرآن مجید و تعلیم مصطفیٰ ﷺ کتب فی سبیل اللہ حاصل کرنے کے لئے رابطہ کریں

تعلیم مصطفیٰ ﷺ کتب ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے موبائل سے QR کوڈ سکین کریں

کیانی سٹریٹ، نیو مل شرقی، بحریہ انکلیو روڈ اسلام آباد

چک شاہ پور، 2 کلومیٹر ہرن مینار موٹروے انٹرچینج، حافظ آباد روڈ، شیخوپورہ

+92 300-5115922

almustafa markaz

almustafamarkz@gmail.com